## عوامی املاک کی صفائی کا خلاصہ

صفائی کا محکمہ (DSNY) نیویارک کی گلیوں کی صفائی اور فضلات کو ٹھکانے لگانے کا ذمہ دار ہے۔ موجودہ چارٹر DSNY کے کمشنر کو کوڑے پھینکنے کے لیے فٹ پاتھ کے استعمال سے متعلق ضوابط اپنانے اور جرمانہ، قید، یا دیوانی سزا کی سزاوار کرنے قابل ایسے ضوابط کی تعمیل میں ناکام ہونے پر خلاف ورزی کا چالان جاری کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ فی الحال چارٹر صاف طور پر کوڑے کو کنٹینرائز کرنے کا کوئی تقاضا نہیں کرتا ہے — حالانکہ DSNY نے ایسے متعدد جاری کیے ہیں جن سے شہر کی سڑکوں پر غیر کنٹینرائز کوڑے پڑے ہونے کے وقت کو محدود کیا جاتا ہے۔ موجودہ چارٹر DSNY کو بعض مخصوص املاک، جیسے باغات اور ہائی وے کے ذرائع تک دائرہ اختیار بھی فراہم نہیں کرتا ہے۔ مزید برآں، حالانکہ اسٹریٹ وینڈر انفورسمنٹ کا دفتر DSNY کے اندر واقع ہے، مگر اس دفتر کو شہر کی مخصوص املاک پر، جیسے باغات میں وینڈنگ کو نافذ کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہے۔

مجوزہ ترمیمات میں اس بات کی وضاحت ہو گی کہ DSNY کے پاس میئر کی ہدایت پر شہر کی تمام املاک کو صاف کرنے کا دائرہ کار موجود ہے۔ مجوزہ تبدیلیوں میں اس بات کی بھی وضاحت ہوگی کہ DSNY کو یہ یقینی بنانے کا اختیار حاصل ہے کہ پھیری والے دکاندار نہ صرف سڑکوں پر بلکہ شہر کی ملکیت والی دیگر املاک کی صفائی کے تقاضوں کو پورا کریں۔ آخری بات، اس تجویز میں فضلات کو کنٹینر میں رکھنے کا مطالبہ کرنے سمیت فٹ پاتھ پر کوڑے کی تھیلیوں کو مناسب جگہ رکھنے کے طریقے کو منضبط کرنے کے DSNY کے اختیار کی واضح طور پر نشاندہی کی جائے گی۔

## مجوزہ قوانین کی لاگت کے اضافی تخمینے اور بجٹ کی متعینہ معیادوں کا خلاصہ

اس تجویز میں مجوزہ مقامی قوانین کے مالیاتی اثرات کا اضافی تجزیہ مطلوب ہوگا۔ اس تجویز سے بجٹ کی مخصوص ٹائم لائنز بھی اپ ڈیٹ ہوں گی۔

پہلی، ترمیم کے لیے کونسل کمیٹی کے ذریعے عوامی سماعت سے پہلے اور کونسل کے مکمل ووٹ سے قبل کونسل سے مجوزہ قوانین کی لاگت کا تخمینہ لگانا مطلوب ہوگا۔ اس میں کونسل سے یہ بھی مطلوب ہوگا کہ وہ میئر آفس آف مینجمنٹ اینڈ بجٹ کو بروقت اپنا تخمینہ پیش کرنے کا موقع فراہم کرے۔

فی الحال، چارٹر میں کونسل کمیٹی کی طرف سے مقامی قانون پر ووٹ کرنے سے قبل اور مکمل کونسل کے ووٹ سے پہلے مالیاتی اثرات کا گوشوارہ درکار ہوتا ہے۔ اس میں اس بات کی وضاحت نہیں ہے کہ یہ گوشوارے کس کو تیار کرنا چاہئے، لیکن عملی طور پر کونسل انہیں تیار کرتی ہے۔ اس ترمیم سے کونسل کے کردار کو کوڈیفائی کیا جائے گا۔ اس سے مالیاتی اثرات کے گوشوارے کو عوامی سماعتوں سے پہلے طلب کرکے قانون سازی کے عمل میں اسے مقدم بھی کیا جائے گا۔ مزید، جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، اس ترمیم سے اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ میئر کو، آفس آف مینجمنٹ اینڈ بجٹ کے توسط سے، مالی تخمینے جمع کرانے کا موقع ملے۔ نتیجتا، اس ترمیم سے، مالیاتی اثرات کے گوشوارے عام طور پر دو تخمینوں پر مشتمل ہوں گے: ایک تخمینہ خود کونسل کی طرف سے، اور ایک میئر کی طرف سے شامل ہوگا۔ بالخصوص، ترمیم میں یہ مطلوب ہوگا کہ کونسل عوامی سماعت کے اہتمام سے پہلے یا مجوزہ مقامی قانون پر مکمل کونسل کے ووٹ سے پہلے، میئر کو آٹھ دن کا نوٹس دے (الا یہ کہ میئر نوٹس لینے سے دستبردار ہو جائے)، تاکہ آفس آف مینجمنٹ اینڈ بجٹ کو اپنا مالی تخمینہ فراہم کرنے کا موقع دیا جائے۔ تاہم، اگر اس دفتر نے سماعت یا ووٹنگ سے کم از کم تین روز پہلے جواب نہیں دیا، پھر بھی کونسل ایسی سماعت یا ووٹ کے اہتمام کے لیے آگے بڑھ سکتی ہے۔

دوسری، اس ترمیم سے جدید طریقوں کی عکاسی کرنے کے ارادے سے چارٹر میں بجٹ سے متعلق متعدد میعادوں کو اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔ خاص طور پر، اس سے میئر کے انتخاب کے بعد کے سالوں میں ابتدائی بجٹ کی آخری تاریخ کو 16 جنوری سے یکم فروری تک بڑھا کر نئی میئر انتظامیہ کو ابتدائی بجٹ مرتب کرنے کے لیے مزید وقت ملے گا۔ اس کی نظیر موجود ہے: یہ مانتے ہوئے کہ 16 جنوری کی موجودہ میعاد میں کام پورا کرنا نئی انتظامیہ کے لیے مشکل ہو سکتا ہے، ماضی میں کئی مواقع پر سٹی کونسل نے مقامی قوانین منظور کیے ہیں جن سے نئے میئر کے دفتر کا چارج سنبھالنے

پر ابتدائی بجٹ پیش کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع ہوئی ہے۔ اسی طرح، مجوزہ ترمیم سے متعلقہ بجٹ کی آخری تاریخ اپ ڈیٹ ہوجائے گی تاکہ نئی ابتدائی بجٹ کی آخری تاریخ کو ایڈجسٹ کیا جا سکے: میئر کے انتخاب کے بعد کے برسوں میں، میئر کے لیے کیپیٹل ڈیبٹ اور واجبات کی ابتدائی سرٹیفکیٹ پیش کرنے کی آخری تاریخ 16 جنوری سے بڑھ کر یکم فروری ہو جائے گی، اور مستقل بجٹ آفس کے لیے محصولات اور اخراجات کی رپورٹ دینے کی آخری تاریخ یکم فروری سے بڑھ کر 15 فروری ہوجائے گی۔

اسی طرح، زیادہ درست ایگزیکٹو بجٹ کو فروغ دینے کے پیش نظر، اس ترمیم سے ایگزیکٹو بجٹ پیش کرنے کی آخری تاریخ میں 26 اپریل سے یکم مئی تک توسیع ہوگی۔ چارٹر فی الحال میئر سے 26 اپریل کو ایگزیکٹو بجٹ پیش کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔ یہ تاریخ 15 اپریل کی ٹیکس کی مقررہ میعاد کے فوراً بعد آتی ہے، جس سے سٹی کو ٹیکس وصولی کے سلسلے میں متعلقہ معلومات فراہم ہوتی ہیں۔ ایگزیکٹو بجٹ کی آخری تاریخ میں یکم مئی تک کی مختصر توسیع سے آفس آف مینجمنٹ اینڈ بجٹ کو ممکنہ محصول کا تعین کرنے کے لیے مزید وقت ملے گا۔ اس کے مطابق ترمیم سے ایگزیکٹو بجٹ پر بورو کے صدر کی سفارشات کی آخری تاریخ میں 6 مئی سے 13 مئی تک توسیع ہو جائے گی۔

## عوامی تحفظ کی قانون سازی  پر ووٹ سے پہلے اضافی نوٹس اور مزید وقت دینے کا خلاصہ

اس تجویز سے تین سٹی ایجنسی: محکمہ پولس، محکمہ اصلاحات، یا فائر ڈپارٹمنٹ کے عوامی تحفظ کے کاموں سے متعلق مجوزہ مقامی قوانین پر کونسل کے ووٹ سے قبل اضافی طریقہ جاتی لوازمات استوار ہوں گے۔

کسی احاطہ شدہ عوامی تحفظ کی تجویز پرمکمل کونسل کے ووٹ سے قبل، کونسل کو عوام، میئر، اور متاثرہ ایجنسی کے کمشنروں کو اس طرح کی ووٹنگ سے کم از کم 30 ایام کا پیشگی اضافی نوٹس دینا ہوگا۔ میئر اور متاثرہ ایجنسی اس طرح کے نوٹس اور اس طرح کی ووٹنگ کے درمیان کی مدت کو مزید عوامی رائے حاصل کرنے واسطے اس تجویز پر ایک یا زائد اضافی عوامی سماعتیں منعقد کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ میئر اس ترمیم کے تحت عائد کردہ اضافی طریقہ کار کو صرف نظر کر سکتے ہیں۔

## سرمایہ کی منصوبہ بندی کا خلاصہ

شہر اپنے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کرنے کا طریقہ متعین کرنے کے لیے باقاعدہ سرمایہ کی منصوبہ بندی کا کام کرتا ہے۔ اس تجزیہ کے ضمن میں، شہر کے بنیادی ڈھانچے کے سلسلے میں معلومات جمع کی جاتی ہیں اور انہیں سالانہ سٹی وائیڈ اسٹیٹمنٹ آف نیڈز، شہر کی سہولیات کی سالانہ فہرست، اور دس سالہ کیپٹل اسٹریٹیجی کی دوسالہ اشاعت سمیت متعدد دستاویزات کے ذریعے شیئر کیا جاتا ہے۔ تینوں دستاویزات میں شہر کے موجودہ بنیادی ڈھانچے اور منصوبہ بند سرمایہ کاری کے بارے میں معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔ تاہم، ضروریات کا گوشوارہ تیار کرتے وقت، چارٹر شہر سے واضح طور پر دیکھ بھال اور مرمت پر نظر ڈالنے کا تقاضا نہیں کرتا ہے۔ اور نہ شہر کی رسمی سہولت کی فہرست یا ضروریات کے گوشوارے پر غور کرنے کے لیے، اس کی دس سالہ کیپیٹل اسٹریٹیجی طلب کرتا ہے۔

مجوزہ ترمیمات کا یہ تقاضا ہوگا کہ شہر، اپنے سالانہ ضروریات کے گوشوارے میں اہم شہری سہولت کی توسیع اور تخفیف کا جائزہ لیتے وقت، قابل عمل حد تک دیکھ بھال کی ضروریات سے متعلق معلومات بھی اکٹھا کرے، جیسے کہ تمام شہری سہولیات کی حالت، فنکشن، اور تخمینہ شدہ کارآمد مدت کار۔ ترمیمات میں یہ بھی مطلوب ہو گا کہ محکمہ سٹی پلاننگ اور دفتر انتظامیہ اور بجٹ، دس سالہ کیپٹل اسٹریٹیجی تیار کرتے وقت، شہر کی سہولیات کی حالت اور دیکھ بھال کی ضروریات پر دیگر عوامل کے ساتھ غور کرے، جیسے جغرافیائی تقسیم، لچکداری کی صلاحیت پر اثرات، اور ایجنسی کے کاموں کے لحاظ سے سہولیات کی اہمیت۔ ترمیمات میں یہ تاریخ بھی تبدیل ہوجائے گی کہ دس سالہ کیپٹل اسٹریٹیجی یکم نومبر سے مقرر ہے، تاکہ سٹی کے ابتدائی بجٹ کی تاریخ کے ساتھ مطابقت ہوجائے، جو فی الحال 16 جنوری ہے۔ اسی طرح ترمیمات میں دس سالہ کیپٹل اسٹریٹیجی سے متعلق عوامی سماعت کی تاریخ بھی تبدیل ہوجائے گی تاکہ بعد میں انے والی ابتدائی سبمیشن کی تاریخ کے ساتھ ایڈجسٹ ہوسکے۔

## اقلیتی طبقوں اور خواتین کے زیر ملکیت کاروباری اداروں (MWBEs)، فلم پرمٹس، اور آرکائیو ریویو بورڈز کا خلاصہ

اس ترمیم سے چارٹر کے متعدد التزامات پر نظر ثانی ہو گی۔

پہلے، اقلیتی طبقوں اور خواتین کے زیر ملکیت کاروباری اداروں (MWBEs) کی حمایت کے لیے، اس ترمیم سے چارٹر میں چیف بزنس ڈائیورسٹی آفیسر (CBDO) بنایا جائے گا۔ یہ التزام بھی ہوگا کہ CBDO اس مقصد سے MWBEs کے رابطہ کار کے طور پر کام کرے گا، خریداری میں تفاوت کو دور کرنے کے لیے شہر کی پالیسیوں کی افادیت کا معائنہ کرے گا، اور شہر کی پالیسی میں ضروری تبدیلیاں تجویز کرے گا۔

دوسرے، اس ترمیم سے میئر کو فلم پرمٹس پر کارروائی کرنے والے دفتر — میئر آفس آف میڈیا اینڈ انٹرٹینمنٹ (MOME)— کو یہ پرمٹس جاری کرنے کی اجازت دینے کا اختیار ملے گا۔ فی الحال، سٹی چارٹر صرف محکمہ خورد کاروباری خدمات کو فلم اور ٹیلی ویژن کی پرمٹس جاری کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ نتیجتاً، فلم کی پرمٹ دینے کے فرائض ادا کرنے اور نیویارک شہر کی اختراعی معیشت کو مستحکم بنانے کا اپنا مشن انجام دینے کے لیے، MOME کے کمشنر محکمہ خورد کاروباری خدمات کا ملازم شمار ہوتے ہیں۔ اگر کمشنر اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے سے قاصر ہو یا اگر عہدہ عارضی طور پر خالی ہو تو MOME کے دیگر ملازمین کے پاس فلم اور ٹیلی ویژن کی پرمٹس دینے کی اہلیت نہیں ہوتی ہے۔ مجوزہ ترمیم سے میئر کو یہ پرمٹس جاری کرنے کے لیے کسی دیگر سٹی ایجنسی کو نامزد کرنے کا اختیار مل جائے گا، میئر کو MOME کو نامزد کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کی اتھارٹی حاصل ہوگی کہ MOME کے دیگر ملازمین مناسب وقت پر اس اختیار کو بروئے کار لا سکیں۔

تیسرے، اس ترمیم سے چارٹر کے ذریعہ قائم کردہ دو بورڈز ضم ہوجائیں گے جو میونسپل آرکائیوز کے جائزے پر توجہ دیتے ہیں۔ موجودہ چارٹر کے تحت، شہر کو آرکائیول ریویو بورڈ اور آرکائیوز، ریفرینس اینڈ ریسرچ ایڈوائزری بورڈ دونوں کو برقرار رکھنا لازمی ہے۔ ان دونوں بورڈز کے یکساں مشن اور سالانہ رپورٹنگ مینڈیٹ ہوتے ہیں۔ اس مجوزہ ترمیم سے آرکائیو ریویو بورڈ اور آرکائیوز، ریفرینس اینڈ ریسرچ بورڈ کو ملا کر ایک ادارہ، میونسپل آرکائیوز اور لائبریری ایڈوائزری بورڈ بنا دیا جائے گا، تاکہ کارکردگی کو فروغ ملے اور شہر کے وسائل کو بچایا جا سکے۔ یہ مجوزہ ترمیم فوری طور پر نافذ ہو جائے گی۔